سوال

(838) مسلمان بے غیرت نہیں ہوسکتا اور نہ بے حیا ہوسکتا ہے الخ

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

میں نے سنا ہے کہ ہمارے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ مسلمان بے غیرت نہیں ہوسکتا اور نہ بے حیا ہوسکتا ہے ۔ ہمارے گھر میں ٹیلی ویژن ہے میری والدہ اور بہنیں ٹیلی ویژن دیکھتی ہیں میں منع بھی کرتا ہوں لیکن وہ پھر بھی باز نہیں آتے کیا یہ بے غیرتی اور بے حیائی نہیں ہے میں کہتا ہوں کہ اس ٹیلی ویژن کو گھر سے نکال دو میری والدہ کہتی ہیں کہ میں نے ٹیلی ویژن گھر سے نہیں نکالنا اگر تو گھر سے جانا چاہتا ہے تو چلا جا ۔مجھے بتائیں کہ اگر میں گھر میں ہی رہوں اور ٹیلی ویژن بھی گھر میں لگے تو کیا میں ان احادیث کی زد میں تو نہیں آتا ؟ یعنی بے غیرت اور بے حیا تو نہیں بن جاتا ؟ یا کہ مجھے گھر سے علیحدہ ہوجانا چاہیے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

سمجھاتے رہیں اللہ بہتر کرے گا ان شاء اللہ تعالیٰ

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

قرآن وحدیث کی روشنی میں احکام ومسائل

جلد 01 ص 529

محدث فتویٰ